نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کے شعبہ کراپ رپورٹنگ سروس نے کپاس کے پیداواری اعدادوشمار جاری کر دیئے۔

لاہور02 ستمبر2024: محکمہ زراعت پنجاب کے کراپ رپورٹنگ سروس ونگ نے کپاس کے یکم ستمبر2024 تک پیداواری اعدادو شمار جاری کر دیئے۔رپورٹ کے مطابق صوبہ پنجاب میں 7لاکھ 59 ہزار روئی کی گانٹھوں کے برابر کپاس کی پیداوار حاصل ہو چکی ہے۔گزشتہ سال اسی عرصہ کے دوران 10 لاکھ 96 ہزار گانٹھوں کے برابر کپاس کی پیداوار حاصل ہوئی۔موجودہ سیزن کپاس کی پیداوار گزشتہ سال اسی عرصہ کے دوران 30.7 فیصد کم حاصل ہوئی۔اب تک کپاس کے ٹینڈے کا وزن 3.34 گرام ریکارڈ کیا گیا ہے جو کہ 23-2022 میں 3.29 گرام تھا. کپاس کے ٹینڈے کے اوسط وزن میں 1.52 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔اب تک کپاس کے علاقے میں 46 فیصد رقبے پر چنائی جاری ہے جو کہ پچھلے سال اسی عرصہ کے دوران 63 فیصد تھی۔ محکمہ زراعت پنجاب کپاس کے اگلے عبوری اعدادوشمار 16 ستمبر 2024 کو جاری کرے گا

☆☆☆☆